# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 14 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۴/ اگست ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...

☆ کل منایا جائے گا ملک کا78 /واں یومِ آزادی ‘ صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو آج شام اہل وطن سے خطاب کریں گی

☆ قدرتی آفات سے حفاظت کے لیے 2 / ہزار 766 /کروڑ روپے کے حفاظتی اقدام کو حکومت کی منظوری

☆ مراٹھواڑہ اور وِدربھ کے سبھی اضلاع میں ڈیری ڈیولپمنٹ منصوبے کا دوسرا مرحلہ روبہ عمل لایا جائے گا ‘ کابینہ کا فیصلہ

اور

☆ ملک بھر میں ہر گھر ترنگا مہم کا جوش و جذبے کے ساتھ آغاز

اب خبریں تفصیل سے...

ملک بھر میں کل 78/واں یومِ آزادی منایا جائے گا۔اِسی تناظر میں صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو آج شام اہل وطن سے خطاب کریں گی۔

اُن کا خطاب شام ٹھیک 7/ بجے آکاشوانی سے نشر یا جائے گا۔لہذا آکاشوانی ممبئی سے ہر روز شام 7/ بجے نشر کیا جانے والا مراٹھی خبر نامہ آج شام ٹھیک 7/ بج کر 45/ منٹ پر نشر کیا جائے گا۔صدر جمہوریہ کے خطاب کا علاقائی زبانوں میں ترجمہ رات ٹھیک ساڑھے نو بجے نشر کیا جائے گا۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے قدرتی آفات سے حفاظت کے لیے 2/ہزار 766/کروڑ روپئے کے حفاظتی اقدام کی منظوری دی ہے۔ ہنگامی حالات سے نمٹنے کی ریاستی اتھاریٹی کے کل منعقدہ اجلاس میں یہ منظوری دی گئی۔ اِس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے جدید تیکنالوجی کی مدد سے یہ حفاظتی اقدام کرنے کی ہدایت دی۔ اِس میٹنگ میں آفات سے نمٹنے کے لیے متعدد لائحہ اعمال کی بھی منظوری دی گئی۔

***** ***** *****

ریاستی کابینہ نے مویشی پروری اور ڈیری ڈیولپمنٹ کو فروغ دینے کے مقصد سے وِدربھ اور مراٹھواڑے کے سبھی اضلاع میں ڈیری ڈیولپمنٹ منصوبے کا دوسرا مرحلہ روبہ عمل لانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اِس کام کے لیے 149/کروڑ 26/لاکھ روپئے کا فنڈ منظور کیا گیا ہے۔ اِس کے علاوہ پاورلومز کے اضافی بجلی نرخ میں رعایت کے لیے اندراج کی شرائط میں نرمی ' سرکاری اور خانگی میڈیکل کالجیس کے سبک دوش پروفیسرس کو وافر اعزازیہ دینا بلدیہ سربراہان کی معیاد ڈھائی سال سے بڑھا کر 5/سال کرنا وغیرہ فیصلے بھی کل ہوئے کابینی اجلاس میں کیے گئے۔ساتھ ہی 6/ہزار کلو میٹر طویل راستوں کو کانکریٹ کا بنانے کے لیے 26/ہزار 964/کروڑ روپئے تخمینے کی بھی منظوری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے سبب خواتین معاشی طور پر خوشحال ہوں گی۔ وہ کل جلگاؤں میں منعقدہ خواتین کے جلسے میں اظہارِ خیال کر رہے تھے۔اپنے خطاب میں انھوں نے مزید کہا کہ اِس یوجنا کے سبب ریاستی معیشت مزید مستحکم ہوگی اور خواتین کو با اختیار بنانے میں بھی مدد ملے گی۔ وزیر اعلیٰ نے کہا لاڈلی بہن یوجنا کے ساتھ ساتھ ریاست کے دیگر ترقیاتی کام بھی جاری رہیں گے۔

***** ***** *****

یومِ آزادی کی مناسبت سے شروع کی گئی ہر گھر ترنگا مہم کا کل سے ملک بھر میں آغاز ہو چکا ہے۔اِس موقعے پر کل ممبئی میں علاقائی سطح پر ترنگا ریلیاں نکالی گئی تھیں۔میونسپل کارپوریشن کے صدر دفتر سے گیٹ وے آف انڈیا تک نکالی گئی ترنگا ریلی میں اسمبلی اسپیکر راہل نارویکر بھی شامل ہوئے تھے۔اِسی طرح اسکولی تعلیم کے وزیر دیپک کیسرکر اور فروغ ہنر مندی کے وزیر منگل پربھات لوڈھا نے بھی ترنگا ریلیوں میں شرکت کی۔

اِسی سلسلے میں ناگپور میں نکالی گئی ترنگا میراتھان میں مقامی ساکنان کثیر تعداد میں شامل ہوئے تھے۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے بھی کل ترنگا یاترا نکالی گئی تھی۔ یہ یاترا شہر کے کرانتی چوک سے سنت ایکناتھ رنگ مندر تک نکالی گئی تھی۔ اِس میں متعدد اسکول کے طلباء بھی شامل ہوئے تھے۔ اِس موقعے پر سپاہیوں کے ملبوسات زیب تن کی طلباء سبھی کی توجہ کا مرکز رہے۔

ایلورہ میں بھی کل ہر گھر ترنگا مہم کے تحت اسکولی طلباء نے 100 رفیٹ طویل ترنگے کے ساتھ ریلی نکالی تھی۔

***** ***** *****

ہر گھر ترنگا مہم کے تحت لاتور میں کل ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکُر گھوگے کے ہاتھوں کلکٹر دفتر میں پرچم کشائی کی گئی۔ اِس مہم کے آغاز پر کل ضلعے کے سبھی سرکاری اور نیم سرکاری دفاتر پر قومی پرچم پھہرایا گیا۔

ہنگولی میں نگر پریشد کے چیف آفیسر اروِند مُنڈے کی خصوصی موجودگی میں ترنگا یاترا نکالی گئی۔ متعدد دفاتر کے افسران و ملازمین اِس ریلی میں شامل ہوئے تھے۔ اِس موقعے پر طلباء میں قومی پرچم بھی تقسیم کیے گئے۔

مراٹھواڑے میں ہر گھر ترنگا مہم پر مبنی ایک خصوصی پروگرام آج صبح ٹھیک 10 ربج کر 45 رمنٹ پر آکاشوانی سے نشر ہونے والے پروگرام پراسنگیک میں سُنا جاسکتا ہے۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

یومِ آزادی کے موقعے پر نئی دِلّی میں منعقدہ مرکزی تقریب میں خصوصی شرکت کے لیے جالنہ ضلع میں بدناپور تعلقے کے ڈھاسلا گرام پنچایت کے سرپنچ رام پاٹل اور اُن کی اہلیہ ورشارانی پاٹل اِسی طرح پرتور تعلقے کے رمیش بھاپکر اور اُن کی اہلیہ پوجا بھاپکر کو خصوصی طور پر مدعو کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

رہائشی ڈاکٹروں کی تنظیم FORDA نے اپنا معلنہ ملک گیر کام بند آندولن واپس لے لیا ہے۔ خیال رہے کہ کولکاتا میں ایک خاتون

رہائشی ڈاکٹر پر ظلم اور قتل کی واردات کی مذمت میں کل ملک بھر میں متعدد مقامات پر احتجاج کیا گیا۔جس پر مذکورہ تنظیم کے نمائندوں نے کل نئی دِلّی میں مرکزی وزا یرصحت جے پی نڈا سے ملاقات کر کے تبادلہ خیال کر نے کے بعد اپنا احتجاج واپس لے لیا۔

اِس سے قبل ممبئی کے متعدد ہسپتالوں کے رہائشی ڈاکٹروں نے بھی مذکورہ واردات کی مذمت میں احتجاج کیا۔اِسی طرح چھتر پتی سنبھاجی نگر کے سرکاری میڈیکل کالج اور ہسپتال گھاٹی کے رہائشی ڈاکٹروں نے بھی موم بتی مورچہ نکالا تھا۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے شعبہ ثقافتی امور کی جانب سے دیے جانے والے مختلف اعزازات کا اعلان کر دیا گیا ہے۔اِس کے مطابق بزرگ گلوکارہ انورادھا پوڈوال کو گان سمراگنی لتا منگیشکر ایوارڈ اور آرتی انک لی کر ٹی ڑیکر کو بھارت رتن پنڈت بھیم سین جوشی کلاسیکی موسیقی لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ سے سرفراز کیا جائے گا۔اِس کے علاوہ 12 مختلف ثقافتی شعبوں میں لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈس کا بھی اعلان کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

وزیرزراعت دھننجئے منڈے نے بیمہ کمپنیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ بیڑ ضلع میں سال 24 - 2023ء کی موسم خریف اور موسمِ ربیع کے بقیہ 22 کروڑ 3 لاکھ روپئے آئندہ 31 تاریخ تک ادا کر دیں۔وہ کل اِس خصوص میں منعقدہ میٹنگ میں اظہار خیال کر رہے تھے۔خیال رہے کہ مذکورہ سال کے لیے کُل 400 کروڑ 24 لاکھ روپئے فصل بیمہ منظور کیا گیا تھا۔اِس میں سے 378 کروڑ 21 لاکھ روپئے متعلقہ کاشتکاروں کے بینک کھاتوں میں جمع کر دیے گئے ہیں۔

**** ***** *****

ناندیڑ کے رکن پارلیمان وسنت راؤ چوہان کی طبیعت خراب ہونے پر کل شام اُنھیں ایئر ایمبولنس کے ذریعے حیدر آباد لے جایا گیا تھا۔ جہاں اُن کا فوری علاج شروع کیا گیا جس کے سبب اب اُن کی طبیعت ٹھیک ہے۔جناب وسنت راؤ چوہان کے افرادِ خانہ نے یہ اطلاع دی ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ اُنھیں سانس لینے میں دقت پیش آ رہی تھی اور فشارِ خون یعنی بلڈ پریشر بھی کم ہو گیا تھا۔تاہم اب اُن کی صحت بہتر ہے۔

***** ***** *****

پربھنی شہر کے قریب آباد سُوکا پور گاؤں آنے جانے کے لیے راستہ تعمیر نہ کیے جانے سے ناراض دیہی ساکنان نے کل ضلع

پریشد کے خصوصی کارگذار افسر رمیش کھانڈیکر کے دالان میں طلباء کی جماعت کا اہتمام کیا۔ اُن کا کہنا تھا کہ مطالبہ پورا ہونے تک وہ اپنا آندولن جاری رکھیں گے۔

***** ***** *****

جالنہ مقامی کرائم برانچ نے کل 50/لاکھ 82/ہزار روپئے مالیت کا گٹکا سمیت کُل 70/لاکھ 82/ہزار روپئے مالیت کا سامان ضبط کیا ہے۔ جالنہ عنبر راستے پر یہ کارروائی کی گئی۔ کاروائی میں ضبط کیا گیا ٹرک بیڑ سے جالنہ کی سمت جارہا تھا کہ لال واڑی کے قریب پولس نے یہ کارروائی انجام دی۔ٹرک ڈرائیور کے خلاف معاملہ درج کرلیا گیا ہے۔

***** ***** *****

آج سابق وزیر اعلیٰ آنجہانی ولاس راوٴ دیشمکھ کی 12/ویں برسی ہے۔ اِس مناسبت سے لاتور کی متعدد طبی تنظیموں اور ولاس راوٴ دیشمکھ فاوٴنڈیشن کے اشتراک سے وہاں میڈیکل کیمپ کا اہتمام کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

- ☆ **کل منایا جائے گا ملک کا 78/واں یومِ آزادی ‘ صدر جمہوریہ محترمہ دروپدی مُرمو آج شام اہل وطن سے خطاب کریں گی**
- ☆ **قدرتی آفات سے حفاظت کے لیے 2/ہزار 766/کروڑ روپئے کے حفاظتی اقدام کو حکومت کی منظوری**
- ☆ **مراٹھواڑہ اور وِدربھ کے سبھی اضلاع میں ڈیری ڈیولپمنٹ منصوبے کا دوسرا مرحلہ روبہ عمل لایا جائے گا ‘ کابینہ کا فیصلہ**

**اور**

- ☆ **ملک بھر میں ہر گھر ترنگا مہم کا جوش و جذبے کے ساتھ آغاز**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

☆☆☆